
Task - 8

# توحید کی اہمیت اور اثرات

عقیدہ توحید سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اس عقیدے پر ایمان لائے بغیر کوئی بھی عمل اللہ تعالیٰ کے نزدیک قابلِ قبول نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز کا حقیقی مالک ہے۔ زندگی اور موت اسی کے ہاتھ میں ہے۔ وہ ہمیشہ ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ وہ بہت مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔ وہی سب کو رزق دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات میں کسی کو شریک ٹھہرانا شرک کہلاتا ہے۔ جو ناقابل معافی گناہ ہے۔ عقیدہ توحید پر ایمان لانے سے انسان کا دل پُر سکون ہو جاتا ہے۔ انسان ہر کام اللہ تعالیٰ اور حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے فرامین کے مطابق کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتا اور بے فکر ہو جاتا ہے۔ اپنا ہر عمل ایمان داری سے کرتا ہے اور یقین رکھتا ہے کہ ایک دن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش ہو کر اپنے اعمال کا جواب دینا ہے۔ ایسا شخص اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو بھی نقصان نہیں پہنچاتا۔

(۱) اللہ تعالیٰ کی بے شمار صفات ہیں ان میں سے کوئی سے چار لکھیے۔




(۲) اوپر دیئے گئے پیراگراف کو پڑھیے اور عقیدہ توحید کے کوئی تین اثرات لکھیے۔

(i) عقیدہ توحید پر ایمان لانے سے دل پُر سکون ہو جاتا ہے

(ii) انسان ہر کام اللہ اور حضرت محمدؐ کے فرامین کے مطابق کرتا ہے

(iii) انسان اپنا ہر عمل ایمان داری سے کرتا ہے

(۳) اپنے دادا دادی سے شرک اور اس کے اثرات پر گفت گو کیجیے۔
اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ خوش خطی سے چارٹ پر لکھیے اور یاد کیجیے۔